سوال

(107) نبی ﷺ کی تخلیق تمام انسانوں سے پہلے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں میں سب سے پہلے حضرت نبی محترم صلی اللہ علیہ وسلم کی تخلیق کی ۔ کیا یہ بات درست ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تاریخ اس بات پر شاہد ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نبیوں میں سب سے اخیر میں پیدا ہوئے ۔ اسی بناء پر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم ٹھرے ۔ جب کہ صحیح احادیث کے مطابق ''اول الرسل'' سے ملقب نوح علیہ السلام ہیں ۔ (1) ہاں البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اس وقت ثابت ہو چکی تھی ۔ جب آدم علیہ السلام روح اور جسد کے درمیان تھے ۔ (2)(ترمذی حدیث صحیح) اور ''شرح السنۃ'' کی صحیح روایت میں ہے :

''انی انا عند اللہ مکتوب خاتم النبیین وان ادم لمنجدل فی طینتہ'' (3)

'' تخلیق اور کتابت میں فرق کسی ذی شعور پر مخفی نہیں ۔''

1۔ صحیح البخاری کتاب االحادیث الانبیاء باب قول اللہ عزوجل (ولقد ارسلنا نوحا الی قومہ) رقم (٣٣٤)

2۔ صححہ الترمذي والالبانی صحیح الترمذي ابواب المناقب باب ماجاء فی فضل النبی صلی اللہ علیہ وسلم (3870) المشکواۃ (٥٧٥٨) الصحیحۃ (١٨٥٦)

3۔ صححہ الحاکم والذہبی والالبانی وحمزۃ شرح السنۃ (٢/١٣-٧) رقم (٣٦٢٦) الحاکم (٢/٤١٨) رقم (٣٥٥٦٦) احمد (٤/١٢٧) شاکر وحمزہ (مجمع الزوائد (٨/٢٢٣) وقال : رواہ احمد باسانید واحد رجالہا رجال الصحیح غیر سعید بن سوید وقد وثقہ ابن حبان وفیہم بدل ''انا نداللہ'' انی عندال للہ الخ

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

ج1ص286

محدث فتویٰ